# "ورکرز ویلفیئر فنڈ"

## درخواست فارم برائے ڈیتھ گرانٹ

صنعتی کارکن/ کان کن کا نام.......................ولدیت.......................ادارے کا نام و پتہ.......................موبائل نمبر....................... کارکن/ کان کن کا شناختی کارڈ نمبر.......................خط و کتابت کے لیے درخواست گزار کا مکمل.......................اکاوئنٹ نمبر، بنک، کوڈ، ایڈریس

..................................................................................................، کارکن کی تاریخ

وفات.......................، بیوہ/ قانونی وارث کا نام.......................، بیوہ/ قانونی وارث کا شناختی کارڈ نمبر ....................... ... ...بچوں کی تعداد اور ان کی عمریں

1......................2......................3......................4......................5......................

تصدیق سربراہ صنعتی ادارہ/متعلقہ لیبر آفیسر/ کان کے سربراہ اور متعلقہ کان انسپکٹر برائے ڈیتھ گرانٹ

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ:(ا صنعتی کارکن/ کان کن کا نام بمعہ ولدیت ....................... .......................ہمارے ادارے میں درج ذیل کوائف کے مطابق کام کرتا تھا

i) عہدہ.......................(ii مستقل/عارضی / کنٹریکٹ (کسی ایک کو ٹک کریں)

iii) فیکٹری/ کانکن کارڈ نمبر...........(iv.. تاریخ بھرتی .......................(v کل مدت ملازمت .................

vi) تنخواہ....................... (آخری تنخواہ جو حاصل کی ہو) (vii ادارے نے کارکن کا سوشل سیکیورٹی یا EOBI کنٹری بیوشن ادا کیا۔ ہاں/ نہیں (کسی ایک کو ٹک کریں) (ب مذکورہ بالا صنعتی کارکن/ کان کن IRA-2002 میں دی گئی صنعتی کارکن کی تعریف پر پورا اترتا ہے اور یہ کہ ہمارا ادارہ فیکٹری ایکٹ 1923/1934 یا کسی ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہو۔ نام و دستخط سربراہ صنعتی ادارہ/ کا کن ادارہ (مکمل نام و عہدہ ظاہر ہو)......................................................، مہر....................... مورخہ.......................(درخواست فارم پر متعلقہ افسر کی وساطت سے کسی دوسرے کے دستخط ہرگز قابل قبول نہیں)

نام و دستخط لیبر افسر کان کن/ انسپکٹر.......................مہر.......................مورخہ.......................

### ڈیتھ گرانٹ پالیسی/ قواعد درخواست فارم

اہلیت:

i) کارکن/ کان کن انڈسٹریل ایکٹ 2012 (IRA-2012) میں دی گئی صنعتی کارکن کی تعریف پر پورا اترتا ہو۔

ii) کارکن/ کان کن کی وفات دوران ملازمت ہوئی ہو اور ڈیتھ گرانٹ کی وصولی کے لیے سروس کی کوئی حد مقرر نہیں۔

iii) متوفی ورکر کی وفات سروس کے دوران ہی واقع ہوئی ہو، جبری ریٹائرڈ کارکن بھی ڈیتھ گرانٹ کا اہل ہے اگر اس کی وفات 60 سال کی عمر کو پہنچنے سے پہلے واقع ہو جائے۔

iv) صنعتی کارکن EOBI یا سوشل سیکیورٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہو کان کن کی صورت میں نمونے کے مطابق حلف نامہ، ورکر کی ملازمت کی حثیت متعلقہ کان کے انسپکٹر سے تصدیق کروائی جاسکتی ہو

v) اگر کان کن EOBI یا سوشل سیکورٹی سے رجسٹرڈ نہیں ہے تو اس صورت میں معاوضے کی رقم بیوہ یا متعلقہ فیملی معاوضاتی کمشنر کی عدالت سے مزدور کے معاوضاتی قانون 1923 کے تحت حاصل کر سکتا ہے۔ (اگر فوتگی ورکر کی بھرتی کے 90 دن کے اندر وقوع پذیر ہوتی ہے اور ابھی تک متوفی ورکر کا EOBI یا سوشل سیکورٹی کارڈ نہ بنا ہو تو اس صورت میں فوتگی رقم کی درخواست ملازمت کے تمام ثبوتوں کے ساتھ جو کہ ڈسٹرکٹ لیبر آفیسر یا کان کے انسپکٹر سے تصدیق شدہ ہو فراہم کرنا ہوں گی)

vi) فیکٹری یا کان متعلقہ قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہو یا وہ ادارے جو کہ اعلان کردہ آمدنی کا **2%, WWF 1971 آرڈیننس** کے تحت یا باقی ماندہ رقم کا **5%, WPPF 1968 ایکٹ** کے تحت جمع کروا رہے ہوں۔ **نوٹ:** یکم جولائی 2022 سے اعلان کردہ آمدنی کا **2%, WWF 1971 آرڈیننس** کے تحت جو کمپنیاں رقم جمع کروا رہی ہوں یا باقی ماندہ رقم کا **5%, WPPF 1968 ایکٹ** کے تحت جمع کروا رہے ہوں ، اسکی جمع شدہ بنک چلان کی رسیدیں درخواست کے ساتھ لازمی منسلک کرنی ہوں گی۔

vii) گورننگ باڈی ورکرز ویلفیئر فنڈ کے ایسے Workers Representative جو صنعتی کارکن کی تعریف پر پورا اترتے ہوں ڈیتھ گرانٹ کی وصولی کی اہلیت رکھتے ہیں۔

viii) تمام قسم کی طبعی و غیر طبعی اموات ڈیتھ گرانٹ کی وصولی کے لیے قابل قبول ہیں۔

### ڈیتھ گرانٹ معاوضے کے اہل افراد:

ڈیتھ گرانٹ (ایک معاوضہ ہے نہ کہ وراثت) جو کہ متوفی ورکر کی بیوہ/ بیوگان میں تقسیم ہو گا بیوہ یا بیوگان کے نہ ہونے کی صورت میں متوفی ورکر کے 18 سال سے کم عمر لڑکوں اور غیر شادی شدہ لڑکیوں میں تقسیم کیا جائے گا، اگر متوفی ورکر کی بیوہ/ بیوگان اور بچوں میں سے کوئی بھی نہ ہو تو متوفی ورکر کے حیات والدین کو ڈیتھ گرانٹ کا معاوضہ دیا جائے گا۔ اگر متوفی ورکر کی بیوہ/ بیوگان اور بچوں میں سے کوئی بھی نہ ہو تو ڈیتھ گرانٹ کا معاوضہ کسی بھی دوسرے فرد یا افراد کو نہیں دیا جائے گا۔

طریقہ کار:

ایسے صنعتی کارکن / کان کن جو مندرجہ بالا تمام شرائط پر پورا اترتے ہوں ان کے اہل خانہ مجوزہ درخواست فارم پر ڈیتھ گرانٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اور ان کو درج ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ نقول فارم کے ساتھ لف کرنا ہوں گی۔

1. کارکن / کان کن کے شناختی کارڈ کی کاپی 2. EOBI یا سوشل سیکیورٹی کارڈ کی کاپی

3. نادرا کا جاری کردہ ڈیتھ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی کاپی 4. بیوہ / قانونی وارث کے شناختی کارڈ کی پیاں 5. آجر کی طرف سے ملازمت کا سرٹیفکیٹ جو ڈسٹرکٹ لیبر افسر سے تصدیق شدہ ہو، کان کن ہونے کی صورت میں کان کے انسپکٹر سے تصدیق کروائیں 6. کان کن ہونے کی صورت میں ورکر معاوضاتی ایکٹ 1923 کے تحت معاوضہ کمشنر عدالت کے احکامات کی کاپی۔

7. متوفی کارکن کے ساتھ قانونی وارث ظاہر کرنے کے لیے درج ذیل میں سے کوئی ایک دستاویز کی کاپی لگائیں۔ (الف نادرا رجسٹریشن اتھارٹی سے تصدیق شدہ فارم ب یا (ب کارکن کی طرف سے سوشل سیکیورٹی کی سہولیات کے حصول کے لیے فیملی رجسٹریشن کی دستاویزات کی کاپی جو سوشل سیکیورٹی سے تصدیق شدہ ہو یا بیوہ کی طرف سے فیملی پنشن کے حصول کے لیے EOBI کو جمع کروائے گئے نامزدگی پیپرز کی کاپی۔ 8. فارم میں دیے گئے نمونے کے مطابق اسٹامپ پیپرز Notary Public / Oath Commissioner سے تصدیق شدہ بیان حلفی۔ **9۔ تمام کاغذات / دستاویزات متعلقہ کارخانہ مینیجر سے تصدیق شدہ ہونے چاہیے۔**

10. فوتگی کی درخواست فوتگی کے 6 ماہ کے اندر جمع کروانی ہوگی، تاخیر کی صورت میں سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ / سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈز اگر چاہیں تو اپنے مخصوص اختیارات کے تحت درخواست جمع کروانے کی مدت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

بیان حلفی (رنڈوہ /بیوہ/والدین کی طرف سے

ہم / میں.................... حامل شناختی کارڈ نمبر.................... رہائش.............. حلفاً اقرار کرتے ہیں / کرتا ہوں کہ میرا حقیقی شوہر / بیوی / بیٹا / بیٹی................ مورخہ......... کو انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم................ M/S (ادارے کا نام)..................

مکمل نام و پتہ....................... میں عرصہ............ سے بطور.......... مستقل / کنٹرکٹ / دیہاڑی دار ملازم تھے اور ان کی ماہانہ اجرت.......... روپے تھی

ہم / میں یہ بھی حلفاً اقرار کرتے ہیں / کرتا ہوں کہ اس مد میں پہلے کبھی ڈیتھ گرانٹ وصول نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی پہلے درخواست دے رکھی ہے۔ درخواست فارم میں جو بھی معلومات فراہم کی گئی ہیں تمام درست ہیں۔ اگر کسی سطح پر یہ معلومات غلط ثابت ہوں یا پوشیدہ رکھی گئی ہوں تو ورکرز ویلفیئر فنڈ میرے خلاف یکطرفہ کاروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

نوٹ: مندرجہ بالا بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر نوٹری پبلک یا اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو۔

بیان حلفی (بچوں کی طرف سے )

ہم.............. دختران، پسران ولد.................. (مرحوم) ساکن.......... (مکمل موجودہ و مستقل پتہ)..................... حلفاً اقرار کرتے ہیں:

1. یہ کہ ہمارے حقیقی والد................ (مرحوم) ولد................ مورخہ.............. کو انتقال فرما گئے ہیں۔

2. ہمارے والد................ (مرحوم) M/S (ادارے کا نام)................... (مکمل نام و پتہ) میں عرصہ............. سے بطور.............. مستقل / کنٹرکٹ / دیہاڑی دار ملازم تھے اور ان کی ماہانہ بنیادی اجرت.......... روپے تھی .3 یہ کہ ہمارے والد........... (مرحوم) کے جتنے بھی بقایا جات / واجبات وغیرہ ہیں وہ ہماری حقیقی والدہ محترمہ.................. زوجہ............. (مرحوم) سکنہ................ (مکمل موجودہ / مستقل پتہ) کو دے دیے جائیں ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ .4 یہ کہ مسماتہ............ زوجہ.......... (مرحوم) کی حقیقی بیوہ ہے۔

ہم یہ بھی حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ اس مد میں پہلے کبھی ڈیتھ گرانٹ وصول نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی پہلے درخواست دے رکھی ہے۔ درخواست فارم میں جو بھی معلومات فراہم کی گئی ہیں تمام درست ہیں۔ اگر کسی سطح پر یہ معلومات غلط ثابت ہوں یا پوشیدہ رکھی گئی ہوں تو ورکرز ویلفیئر فنڈ میرے خلاف یکطرفہ کاروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

نوٹ: مندرجہ بالا بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر نوٹری پبلک یا اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ ہو۔

درخواست گزاران: (تمام دختران و پسران کے نام اور والدین کا نام بمع مستقل و موجودہ کے ساتھ دستخط یا نشان انگوٹھا)

مزید معلومات اور شکایات کے لیے آپ ورکرز ویلفیئر فنڈ کے دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں (سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ، بلڈنگ نمبر 02، سٹریٹ نمبر 39، ماؤ ایریا سیکٹر G-10/4، اسلام آباد)

1۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ، بلڈنگ نمبر 02، سٹریٹ نمبر 39، ماؤ ایریا سیکٹر G-10/4، اسلام آباد۔ 2۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ، پنجاب، F-A/1، خیبر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔

3۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ، KPK، H# 134، Street # 6، شامی روڈ پشاور۔ 4. سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ، بلوچستان، سیٹلائیٹ ٹاؤن لیبر ہال، کوئٹہ۔